رسول اللہ ﷺ نے محلوں میں مسجد بنانے اور انہیں صاف رکھنے کا حکم دیا ہے

اُمُّ المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے محلوں میں مسجد بنانے، انہیں صاف رکھنے اور خوشبو سے بسانے کا حکم دیا ہے

[صحیح] [اسے امام ابو داؤد نے روایت کیا ہے]

رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ محلوں میں مسجدیں بنائی جائیں بایں طور کہ ہر محلے میں ایک مسجد ہو اور انہیں گندگیوں سے پاک صاف رکھا جائے، ان کی نگہبانی اور حفاظت کی جائے اور ان میں بخور وغیرہ جیسی عمدہ قسم کی خوشبوؤں کا انتظام کیا جائے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/10885